Department of Education
GOVERNMENT OF WESTERN AUSTRALIA

داخلے کے سلسلے میں معلومات اکٹھی کرنے کا نوٹس

معلومات اکٹھی کرنے کا مقصد

ہم، ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ویسٹرن آسٹریلیا (WA)، پبلک سکولوں میں طالبعلموں کے داخلوں کے انتظامی کام کے لیے آپ کے بچے کے متعلق معلومات اکٹھی کرتے ہیں۔ ان معلومات سے آپ کے بچے کے سکول کو مدد ملتی ہے اور ایسا آسٹریلین نظام تعلیم ممکن ہوتا ہے جو سب طالبعلموں کے لیے منصفانہ ہو۔ یہ کام *سکول ایجوکیشن ایکٹ 1999* اور سکول ریگولیشنز 2000 کے تحت کیا جاتا ہے۔

نوٹ: اس دستاویز میں 'پیرنٹ' اور 'آپ' کے معانی میں بچے کے والد، والدہ یا کیئرر، بچے کی روزمرہ نگہداشت کے لیے ذمہ دار بالغ شخص یا خود اپنے لیے داخلہ لینے والا شخص شامل ہیں۔

داخلے کے سلسلے میں اکٹھی کی جانے والی معلومات

جب آپ اپنے بچے کو پبلک سکول میں داخل کروائیں تو آپ کو مندرجہ ذیل ذاتی تفصیلات اور کاغذات فراہم کرنے ہوں گے:

بچے کے متعلق معلومات

- پورا نام، تاریخ پیدائش اور صنف
- رہائشی پتہ اور گھرانے کے رہائشی انتظامات
- آیا بچہ ایبوریجنل یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر شناخت رکھتا ہے
- لسانی پس منظر اور گھر میں بولی جانے والی زبانیں
- حالیہ امیونائزیشن سٹیٹس
- بچہ ماضی میں کونسے سکولوں میں پڑھ چکا ہے اور گزشتہ تعلیمی حالات
- سیکھنے اور طرزعمل کے سلسلے میں ضروریات یا دوسری ذاتی ضروریات
- صحت کے متعلق اور طبی معلومات (اس میں فارم 1 بھی شامل ہے: سٹوڈنٹ ہیلتھ کیئر سمری)
- آسٹریلین شہریت یا ویزے کی تفصیلات

پیرنٹ (والد/والدہ) کے متعلق معلومات

- نام اور بچے کے ساتھ آپ کا رشتہ
- رہائشی پتہ اور رابطہ تفصیلات
- گھر میں بولی جانے والی زبانیں
- تعلیمی سطح، کوالیفیکیشنز اور پیشہ

اضافی معلومات

- ان لوگوں کے نام اور رابطہ تفصیلات جن سے سکول ہنگامی صورتحال میں رابطہ کر سکے
- کورٹ آرڈرز یا کیئر آرڈرز یا پیرنٹنگ پلانز، اگر اطلاق ہو تو

داخلے کے لیے یہ معلومات کیوں لی جاتی ہیں

آپ کے متعلق معلومات کو اس لیے استعمال کیا جاتا ہے:

- داخلوں کی درخواستوں پر غور اور انتظامی کام
- طالبعلموں کی شناخت کی تصدیق

CC BY
Exclusions may apply

- طالبعلموں اور گھرانوں کے ساتھ کمیونیکیشن
- طالبعلموں کی تحصیل علم، صحت، اچھی کیفیت، طرز عمل اور حفاظت میں مدد
- طالبعلموں کو سٹیٹ کی سطح پر، اور ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اسیسمنٹس میں شامل کرنے اور رپورٹنگ کے لیے، جس میں یہ شامل ہیں
  - ایئر 3، 5، 7 اور 9 میں NAPLAN
  - Pre-primary Australian Early Development Census (AEDC) (پرائمری سکول سے پہلے آسٹریلیا میں چھوٹے بچوں کی نشوونما کا جائزہ)
  - secondary Online Literacy and Numeracy Assessment (OLNA) (سیکنڈری سکول میں پڑھنے، لکھنے اور حساب کی آن لائن اسیسمنٹ)
  - معذور طالبعلموں کے متعلق Nationally Consistent Collection of Data (NCCD) (ملکی سطح پر ڈاٹا کا ہمہ گیر حصول)
  - دیگر لازمی اسیسمنٹس اور رپورٹنگ
- WA سٹوڈنٹ نمبر (WASN) جیسے سٹوڈنٹ آئڈنٹیفائرز اور SmartRider کارڈز کا انتظامی کام
- تعلیمی پالیسی، پلاننگ، سٹریٹجی اور تحقیق میں رہنمائی
- آپ کے بچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مدد، خدمات، پروگرامز اور فنڈنگ کی فراہمی

اگر ہم یہ ذاتی تفصیلات اکٹھی نہ کریں تو اس سے طالبعلم کے لیے خطرہ ہو سکتا ہے اور درست تعلیمی منصوبے اور مدد فراہم کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہم اپنی قانونی ذمہ داریاں نہ پوری کر پائیں۔

ہم داخلے کے سلسلے میں معلومات کیسے استعمال اور شیئر کرتے ہیں

ہم آپ کے بچے کے داخلے سے تعلق رکھنے والی معلومات کو صرف اسی مقصد کے لیے استعمال اور شیئر کرتے ہیں جس مقصد کے لیے یہ اکٹھی کی گئی تھیں اور جب قانون ہمیں اس کی اجازت یا حکم دیتا ہو۔

ہم آپ کے بچے کے داخلے سے تعلق رکھنے والی معلومات انہیں دے سکتے ہیں:

- کوئی اور WA پبلک سکول، جب آپ کا بچہ سکول بدلے مثلاً جب:
  - آپ کا بچہ ایئر 6 کے بعد ایئر 7 میں جائے
  - بچہ سکول کے انتظام کے تحت کسی متبادل تعلیمی پروگرام میں شریک ہو
- اگر آپ اجازت دیں تو، بچے کا نیا غیر سرکاری سکول یا انٹرسٹیٹ سکول
- صحت، فلاح اور/یا قانون کی تعمیل، اور چائلڈ پروٹیکشن کے قوانین سے تعلق رکھنے والے سرکاری ادارے۔

ہم جو ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتے ہیں، انہیں آسٹریلیا میں، مقامی سطح پر، ہمارے سٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم میں رکھا جاتا ہے اور ہماری انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی پالیسیوں کی تعمیل کی جاتی ہے۔

ذاتی تفصیلات کو اکٹھا کرنے، ان پر انتظامی کام اور انہیں تلف کرنے کے لیے ہماری ریکارڈز مینیجمنٹ پالیسی اور *سٹیٹ ریکارڈز ایکٹ 2000* کی تعمیل کی جاتی ہے۔

آپ کے حقوق – داخلے کے سلسلے میں معلومات کو دیکھنا اور درست کروانا

ان صورتوں میں آپ اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ آپ:

- داخلے کے سلسلے میں اپنی فراہم کردہ تفصیلات کو دیکھنا یا ان میں تبدیلی کروانا چاہتے ہوں
- آپ کو اپنے بچے کے داخلے سے تعلق رکھنے والی معلومات کے استعمال یا سٹور کرنے کے طریقے کے متعلق تشویش ہو۔

طالبعلم کے تمام تعلیمی دور میں ذاتی تفصیلات میں کی جانے والی تبدیلیوں کو سٹوڈنٹ انرولمنٹ ریکارڈ کا حصہ سمجھا جاتا ہے۔

مزید معلومات

ہم آپ کے متعلق معلومات کو کیسے محفوظ رکھتے ہیں، اس بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر پرائیویسی کے متعلق صفحہ دیکھیں۔

Exclusions may apply